اودھ نامہ

# بیجنگ کا تہران کو مشورہ

ایران اور امریکہ مابین مذاکرات آگے نہ بڑھ پانے میں ایک اہم کڑی لبنان اور اسرائیل جنگ بندی بھی ہے جسے اب اسرائیل اعلان گیا ہے۔ایسا لگتا ہے کہ امریکہ کے دباؤ میں اسرائیل نے اپنے قدم پیچھے ہٹائے ہیں۔امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے جمعہ کو اعلان کیا ہے کہ اسرائیل اور لبنان کے درمیان جنگ بندی میں تین ہفتوں کی توسیع کر دی گئی ہے۔اگرچہ یہ بات کھٹکتی ضرور ہے کہ یہ اعلان امریکہ نے کیا ہے اسرائیل یا لبنان نے کی طرف نہیں کیا گیا ہے۔اطلاع کے مطابق یہ فیصلہ وائٹ ہاؤس کے اوول آفس میں صدر ٹرمپ، نائب صدر جے ڈی وینس، وزیر خارجہ مارکو روبیو، اسرائیل کے لیے امریکی سفیر مائیک ہکابی، لبنان کے لیے امریکی سفیر مشیل عیسیٰ اور اسرائیل و لبنان کے کئی اعلیٰ سطح کے نمائندوں کے درمیان ہونے والی ایک ملاقات میں کیا گیا۔صدر ٹرمپ نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر اس حوالے سے بتایا کہ ”ملاقات بہت کامیاب رہی۔انہوں نے کہا کہ امریکہ لبنان کے ساتھ مل کر کام کرے گا تاکہ اسے حزب اللہ سے محفوظ رہنے میں مدد دی جا سکے۔صدر ٹرمپ نے مزید کہا کہ وہ مستقبل قریب میں اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو اور لبنانی صدر جوزف عون کی میزبانی کے منتظر ہیں، تاہم انہوں نے اس ملاقات کے لیے کسی حتمی تاریخ کا اعلان نہیں کیا۔یہ بھی دیکھا گیا کہ لبنان کی قومی نیوز ایجنسی کے مطابق اسرائیل نے آج صبح، چند گھنٹے قبل اعلان کردہ جنگ بندی میں توسیع کے باوجود جنوبی لبنان کے مختلف حصوں میں فضائی حملے اور گولہ باری کی۔ایجنسی کے مطابق، مرجعیون ضلع کے قصبے تولین میں طلوعِ آفتاب کے وقت اسرائیلی لڑاکا طیاروں نے ایک گھر کو نشانہ بنایا، جس کے بعد علاقے میں گولہ باری ہوئی۔ضلع صور میں اسرائیلی طیاروں نے مجدل زون کے مضافات پر حملے کیے ہیں۔جسے معاہدے کی خلاف ورزی سمجھا جا رہا ہے۔اسرائیل اور لبنان کے درمیان جنگ بندی کو تین ہفتوں کے لیے بڑھا دیا گیا ہے۔امریکی ثالثی میں طے پانے والی 10 روزہ جنگ بندی جو 16 اپریل کو نافذ ہوئی تھی، اتوار کو ختم ہونے والی تھی۔اس سے پہلے اقوامِ متحدہ میں اسرائیل کے سفیر ڈینی ڈانون نے کہا کہ لبنان کے ساتھ جنگ بندی ”سو فیصد“ نہیں ہے۔ڈانون نے ایک انٹرویو میں کہا کہ میرا خیال ہے کہ بنیادی سوال یہ ہے کہ آیا لبنانی حکومت جنگ بندی یا امن معاہدے پر عمل درآمد کرا سکتی ہے یا واقعی جنوبی لبنان پر خودمختاری نافذ کر سکتی ہے۔لبنانی حکام کے مطابق، 2 مارچ سے اب تک اسرائیلی حملوں میں 200,2 سے زائد افراد ہلاک اور ایک ملین سے زائد لوگ بے گھر ہو چکے ہیں۔

دوسری طرف ایران نے آبنائے ہرمز کو کھولنے کے لیے نئی شرائط رکھ دی ہیں۔تہران کا کہنا ہے کہ وہ آبی گزرگاہ کو اس وقت تک دوبارہ نہیں کھولے گا جب تک کہ اس کے تقریباً 11 ٹریلین ڈالر کے ضبط شدہ اثاثے جاری نہیں کیے جاتے۔امریکہ اور ایران کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی نے ایک بار پھر حالات کو انتہائی کشیدہ بنا دیا ہے۔ایران نے اپنے دفاعی نظام کو فعال کر دیا ہے۔حال ہی میں ایران کے دارالحکومت تہران میں فضائی دفاعی نظام کے فعال ہونے کی اطلاعات سامنے آئی ہیں۔اطلاعات کے مطابق، فضائی دفاعی نظام کو شہر کے کئی حصوں میں ”دشمن اہداف“ یعنی مشکوک یا دشمن کے اہداف کو روکنے کے لیے کام کرتے سنا گیا۔دریں اثنا، آبنائے ہرمز پر تنازعہ مسلسل بڑھتا جا رہا ہے۔ناکہ بندی کے درمیان، امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے حکم دیا ہے کہ کسی بھی چھوٹی سے چھوٹی کشتی جو مشکوک نظر آئے اس کو فوری طور پر تباہ کر دیا جائے یعنی جو بارودی سرنگیں بچھانے کا کام کر رہی ہوں۔ٹرمپ نے یہ بھی دعویٰ کیا کہ امریکہ کا اس وقت آبنائے ہرمز پر مکمل کنٹرول ہے۔اس کشیدگی کے درمیان ہندوستان نے اپنے شہریوں کے لیے ایک نئی ایڈوائزری جاری کی ہے جس میں انہیں ایران چھوڑنے کا مشورہ دیا گیا ہے۔اس سے پہلے، ایرانی آئی آر جی سی نیول کمانڈوز کے ذریعہ دبئی سے گجرات جانے والے ایک جہاز کو قبضے میں لینے سے خدشات میں مزید اضافہ ہوا۔اسی درمیان اسرائیل نے ایران کو سخت انتباہ جاری کرتے ہوئے علاقائی صورتحال کو مزید بگاڑ دیا ہے۔اسرائیلی وزیر دفاع اسرائیل کاٹز نے کہا کہ ان کی فوج کسی بھی کارروائی کے لیے پوری طرح تیار ہے اور ممکنہ حملوں کے ٹارگٹ کی نشاندہی بھی کر لی گئی ہے۔انہوں نے اشارہ دیا کہ امریکہ ایران پر حملے کے لیے گرین لائٹ کا انتظار کر رہا ہے۔

ایران اور امریکہ کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی کو کم کرنے کے لیے چین نے پسِ پردہ سرگرم کردار ادا کرنا شروع کر دیا ہے اور ایران کو مذاکرات میں شامل رہنے کا مشورہ دیا ہے۔تفصیلات کے مطابق ایران اور اسرائیل امریکہ کے درمیان جاری جنگ میں چین ایک اہم سفارتی کھلاڑی کے طور پر ابھرا ہے۔عالمی توجہ کا مرکز بننے والے بیجنگ نے باضابطہ ثالث کا کردار ادا نہ کرنے کے باوجود دونوں فریقین کو مذاکرات کی میز پر لانے کے لیے پسِ پردہ اہم کردار ادا کیا ہے۔ایسوسی ایٹڈ پریس نے بتایا کہ بیجنگ نے تہران کو مشورہ دیا ہے کہ وہ عالمی طاقتوں کے ساتھ مذاکرات کے عمل سے الگ نہ ہو اور بات چیت کا راستہ کھلا رکھے۔تجزیہ کاروں کا کہنا ہے کہ چین اس تنازع میں ایک عالمی طاقت کے طور پر اپنا اثر و رسوخ بڑھا رہا ہے اور بیجنگ کی کوشش ہے کہ سفارتی مداخلت کے ذریعے خطے کو بڑی جنگ سے بچایا جائے، کیونکہ ایران امریکہ جنگ کے اثرات اب یورپ تک پھیلنا شروع ہو گئے ہیں۔ترک صدر نے جرمن ہم منصب سے ٹیلیفونک گفتگو میں خبردار کیا کہ اگر اس رجحان کو فوری طور پر نہ روکا گیا تو تنازع کے نتیجے میں ہونے والے نقصانات موجودہ اندازوں سے کہیں زیادہ سنگین ہوں گے۔

# جنگ بندی کے بعد ایران کی ناکہ بندی

معصوم مرادآبادی



جنگ بندی میں غیر معینہ مدت کی توسیع کے بعد صدر ٹرمپ نے ناکہ بندی کا پیچ پھنسا دیا ہے۔جنگ بندی کے بعد امید کی جو کرن پیدا ہوئی تھی وہ آبنائے ہرمز میں ڈوبتی ہوئی نظر آرہی ہے۔بظاہر ایران کے خلاف اسرائیلی اور امریکی جارحیت رک گئی ہے لیکن ایسا محسوس ہوتا ہے کہ جنگ رکی نہیں بلکہ اس کا محور تبدیل ہو گیا ہے۔یعنی ایران کے خلاف جو جنگ اب تک فضا سے لڑی جارہی تھی وہ اب بحر فارس میں پہنچ گئی ہے۔موجودہ جنگ کا محور آبنائے ہرمز نامی وہ آبی گزرگاہ ہے جس کے بند ہونے سے پوری دنیا کی معیشت ڈانوں ڈول ہو گئی ہے۔ایران جہاں ایک طرف آبنائے ہرمز پر اپنے مکمل کنٹرول کا دعویٰ کرتے ہوئے وہاں سے گزرنے والے جہازوں سے ٹول کی صورت میں بھاری رقم وصول کر رہا ہے تو وہیں امریکہ ایران کی بحری ناکہ بندی کے موقف پر قائم ہے۔صدر ٹرمپ نے دعویٰ کیا ہے کہ آبنائے ہرمز پر ان کا قبضہ ہے۔انھوں نے ہرمز میں بارودی سرنگیں بچھانے والی ایرانی کشتیوں کو دیکھتے ہی اڑا دینے کے احکامات دیے ہیں، لیکن حقیقت یہ ہے کہ آبنائے ہرمز پر خطرناک ایرانی آبدوزوں کا دبدبہ ہے، جن کا توڑ امریکہ کے پاس نہیں ہے۔خود امریکی محکمہ دفاع پنٹاگن نے تسلیم کیا ہے کہ ”آبنائے ہرمز سے ایران کی بارودی سرنگیں ہٹانے میں کم از کم چھ مہینے لگیں گے۔یعنی آبنائے ہرمز کو فوجی کارروائی سے فوری قبضے میں لینا ابھی مشکل ہے۔“صدر ٹرمپ کی ترجیح ایران کے ساتھ مذاکرات ہیں، لیکن اس سے پہلے وہ آبنائے ہرمز میں پھنسی ہوئی اپنی گردن نکالنا چاہتے ہیں۔ثالثی کرنے والے پاکستانی فوجی سربراہ عاصم منیر نے ایرانی سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای کے مشیر سے گفتگو کر کے ایرانی وفد اسلام آباد بھیجنے کو کہا ہے۔جنگ بندی میں توسیع کے بعد صدر ٹرمپ کی اولین ترجیح مذاکرات ہیں اور وہ اس کے لیے خاصے بے قرار نظر آتے ہیں۔یہ بے قراری خواہ مخواہ نہیں ہے۔

کل تک ایران کو صفحۂ ہستی سے مٹانے کی دھمکیاں دینے والے ٹرمپ نے آخر ہتھیار ڈال ہی دیے۔انھوں نے جنگ بندی میں غیر معینہ مدت کے لیے توسیع کا اعلان کرتے ہوئے جو کچھ کہا ہے، وہ شکست تسلیم کر لینے کے برابر ہے۔یعنی ایران کی ثابت قدمی نے دنیا کی سب سے بڑی طاقت کو سرنگوں ہونے پر مجبور کر دیا ہے۔امریکہ اور اسرائیل نے جن مقاصد کے لیے ایران کے خلاف جنگ چھیڑی تھی، وہ نہ اب حاصل ہو سکے ہیں اور نہ ہی مستقبل میں کبھی ہوں گے۔امریکہ اور اسرائیل کا بنیادی مقصد ایرانی قیادت کو بے دخل کر کے وہاں ایک کٹھ پتلی حکومت قائم کرنا تھا تاکہ ایران کے جوہری پروگرام کو نیست و نابود کیا جا سکے۔یہی وجہ ہے کہ اسرائیل نے پہلے ایران کے ایٹمی پلانٹ کا نشانہ بنایا اور جنگ کے پہلے ہی مرحلے میں ایران کی مذہبی، عسکری اور سیاسی قیادت کو ایک ساتھ ختم کر دیا۔کوئی اور ملک ہوتا تو پہلے ہی مرحلے میں گھٹنوں پر آجاتا، لیکن ایران بھاری تباہی جھیلنے کے باوجود اپنے قدموں پر مضبوطی سے کھڑا رہا۔اس طرح صیہونی اور سامراجی طاقت پہلے ہی مرحلے میں اپنا ہدف حاصل کرنے میں ناکام ہوئی۔

8 اپریل کو جب دو ہفتہ کی جنگ بندی کر کے امریکہ نے اسلام آباد میں ایران سے بات چیت شروع کی تھی تو اس کا بنیادی محور ایران کا جوہری پروگرام ہی تھا جسے امریکہ ہر صورت میں ختم کرنے کے درپے ہے۔گفتگو بھی اسی لیے ناکام ہوئی کہ ایران کسی بھی حالت میں اپنے جوہری پروگرام سے دستبردار ہونے کو تیار نہیں ہے اور نہ ہی وہ اپنے تباہ کن میزائلوں کو ختم کرنے پر آمادہ ہے۔یہ دونوں ہی ایران کی سلامتی اور استحکام سے جڑے ہوئے ہیں۔ایران کے جوہری پروگرام اور میزائلوں سے اصل خطرہ اسرائیل کو ہے اور وہ انھیں ختم کرنا چاہتا ہے تاکہ مشرق وسطیٰ میں اپنی غنڈہ گردی قائم رکھ سکے۔ابھی تک اس خطے میں اسرائیل ہی واحد ایٹمی طاقت ہے اور وہ چاہتا ہے کہ کوئی دوسرا ملک اس سے لیس نہ ہو۔جو خطرہ اسرائیل کو ایران سے ہے، وہی ایران کو اسرائیل سے بھی ہے۔چونکہ مشرق وسطیٰ میں ایران ہی اسرائیل کو چیلنج کرنے والی واحد قوت ہے۔ایران کے علاوہ اس کے حمایت یافتہ حزب اللہ، حماس اور حوثی گروپ بھی خطے میں اسرائیل کے لیے سنگین چیلنج بنے ہوئے ہیں۔اسرائیل کو درپیش ان خطرات کو دور کرنے کے لیے ہی امریکہ اور اسرائیل نے ایران کے خلاف بدترین جارحیت کا ارتکاب کیا، جس کا ایران نے منہ توڑ جواب دیا۔

دونوں جارحیت پسند طاقتوں کا خیال تھا کہ وہ آسانی کے ساتھ ’رجیم چینج‘ کر کے ایران پر بھی اسی طرح مسلط ہو جائیں گے جیسا کہ وہ عراق پر مسلط ہیں، لیکن اندازے کی غلطی اسی کو کہتے ہیں کہ امریکہ اور اسرائیل کی وحشیانہ بمباری اور اپنی اعلیٰ روحانی، عسکری اور سیاسی قیادت کی ظالمانہ ہلاکت کے باوجود ظالم و جابر قوتوں کے آگے سرنگوں نہیں کیا۔امریکہ کے لیے ایران کا سب سے مہلک ہتھیار ’آبنائے ہرمز‘ ثابت ہوا جو ایک ایسی آبی گزرگاہ ہے جہاں سے دنیا کے بیس فیصد سے زیادہ تیل اور گیس کی سپلائی ہوتی ہے۔ایران نے پہلے ہی مرحلے میں آبنائے ہرمز کو بند کر کے امریکہ کے چھکے چھڑا دیے، جس کی وجہ سے پوری دنیا میں تیل اور قدرتی گیس کے دام آسمان کو چھونے لگے۔ایران کا یہ داؤ اتنا کامیاب رہا کہ پوری دنیا نے ٹرمپ کو کوسنا شروع کر دیا۔ٹرمپ نے آبنائے ہرمز کھولنے کے لیے ناٹو ممالک سے مدد مانگی، مگر کسی نے بھی ان کا ساتھ نہیں دیا۔یہاں تک کہ ناٹو کے ٹوٹنے کا خطرہ پیدا ہو گیا۔اتنا ہی نہیں خود اس جنگ کے سلسلے میں امریکہ میں صدر ٹرمپ کے خلاف عوامی احتجاج کا سمندر ٹھاٹیں مارنے لگا۔سابق امریکی فوجیوں کے خاندانوں نے بھی صدر ٹرمپ کے خلاف آواز بلند کی۔نتیجہ یہ ہوا کہ صدر ٹرمپ کو جنگ بند کر کے پاکستان کی ثالثی میں ایران کے ساتھ مذاکرات شروع کرنے پڑے۔


صدر ٹرمپ کو امید تھی کہ ایران اتنی تباہی جھیلنے کے بعد جب گفتگو کی میز پر آئے گا تو وہ امریکہ اور اسرائیل کے مطالبات قبول کر لے گا، لیکن ایران نے اپنی سلامتی سے متعلق امور پر کسی بھی قسم کی لچک کا مظاہرہ نہیں کیا۔نہ تو وہ اپنے جوہری پروگرام کے معاملے میں کسی سمجھوتے کو تیار ہوا اور نہ ہی اس نے آبنائے ہرمز پر کوئی سمجھوتہ کیا۔نتیجے کے طور پر مذاکرات کا پہلا مرحلہ چوبیس گھنٹوں ہی میں ناکامی سے دوچار ہو گیا۔اس کے بعد صدر ٹرمپ پھر دھمکیوں پر اتر آئے اور انھوں نے کہا کہ ”اگر ایران نے سمجھوتہ نہیں کیا تو اس کو تابڑتوڑ بمباری سے چھلنی کر دیا جائے گا۔“مذاکرات کے دوسرے دور میں ایران نے یہ کہتے ہوئے شرکت سے انکار کر دیا کہ دھمکیوں کے درمیان مذاکرات ممکن نہیں ہیں۔اس کے علاوہ ایران نے آبنائے ہرمز کی ناکہ بندی پر بھی سخت احتجاج کیا۔اس دوران جنگ بندی کی مدت بھی ختم ہو رہی تھی اور دنیا کے اہم ممالک ٹرمپ پر دباؤ ڈال رہے تھے کہ اگر آبنائے ہرمز کا مسئلہ حل نہیں کیا گیا تو پوری دنیا کو اس کا ناقابل تلافی نقصان اٹھانا پڑے گا۔صدر ٹرمپ پر جنگ کو ختم کرنے کا جہاں اندرون خانہ شدید دباؤ تھا تو وہیں عالمی سطح پر بھی ان کی پوزیشن بہت خراب ہو رہی تھی۔انھوں نے عافیت اسی میں جانی کہ جنگ بندی میں غیر معینہ مدت کے لیے توسیع کا اعلان کر دیا۔پاکستان، مصر، ترکی اور سعودی عرب کی بھی اولین کوشش یہی تھی کہ کسی بھی طرح جنگ بندی میں توسیع کی جائے تاکہ کسی بھی ممکنہ فوجی تصادم کو روکا جا سکے۔

یہ وہی ٹرمپ ہیں جو کل تک جنگ بندی میں توسیع نہ کرنے اور ایرانی تنصیبات پر خطرناک حملے کرنے کی دھمکیاں دے رہے تھے۔انھوں نے جنگ بندی کے اعلان سے چند گھنٹے پہلے سی این بی سی سے کہا تھا کہ ”ایران پر بمباری کرنے کے لیے فوج پوری طرح تیار ہے۔“صدر ٹرمپ نے ایران میں پلوں اور توانائی مراکز کو تباہ کرنے کی دھمکی بھی دہرائی تھی۔دوسری طرف ایران نے بھی اپنی فوج کو تیار رہنے کا حکم دیا تھا۔جنگ بندی کی مدت ختم ہونے سے پہلے ہی ایرانی فوج کسی بھی جارحیت سے نپٹنے کے لیے پوری طرح تیار تھی۔لیکن معینہ مدت ختم ہونے سے چند گھنٹے پہلے ہی ٹرمپ نے جنگ بندی کو غیر معینہ مدت تک بڑھانے کا اعلان کر دیا۔تاہم اس کے ساتھ ہی صدر ٹرمپ نے ایرانی بندرگاہوں کی ناکہ بندی جاری رکھنے کا اعلان کیا ہے جبکہ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی کا کہنا ہے کہ ”ایرانی بندرگاہوں کا محاصرہ کرنا جنگ کے مترادف ہے اور اسی طرح یہ جنگ بندی کی خلاف ورزی بھی ہے۔“ ایران کی مضبوط قوت ارادی اور صدر ٹرمپ کی خراب پوزیشن کو دیکھ کر اندازہ کہ امریکہ ایران میں بھی اسی انجام سے دوچار ہوگا جس سے وہ 1988 میں عراق میں دوچار ہو چکا ہے۔مبصرین کا خیال ہے کہ ایران کے ساتھ اس کا کوئی معاہدہ طے نہیں پا سکے گا۔جو ناکامی اور پسپائی اسے عراق میں ہاتھ لگی تھی وہی اب ایران میں بھی اس کا مقدر ہوگی۔☆☆☆

masoom.moradabadi@gmail.com

# بنگال پر کس کا ’جادو‘ چلے گا، مودی کا یا دیدی کا

اختر جمال عثمانی۔بارہ بنکی



بنگال کی سیاست ایک بار پھر قومی توجہ کا مرکز بنی ہوئی ہے۔ممتا بنرجی کی قیادت میں ترنمول کانگریس گزشتہ ایک دہائی سے زیادہ عرصے سے ریاست میں اپنی مضبوط گرفت قائم رکھے ہوئے ہے، جبکہ بھارتیہ جنتا پارٹی مسلسل اس اقتدار کو چیلنج کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔اس پس منظر میں ہونے والے حالیہ اسمبلی انتخابات نہ صرف ریاستی سیاست بلکہ قومی سیاسی بیانیے کے لیے بھی انتہائی اہمیت کے حامل ہیں۔بنگال کی سیاست تاریخی طور پر نظریاتی کشمکش کا میدان رہی ہے۔ایک زمانے میں یہاں کمیونسٹ پارٹی آف انڈیا (مارکسسٹ) کی حکومت کئی دہائیوں تک قائم رہی، جسے 2011 میں ممتا بنرجی نے اقتدار سے بے دخل کیا۔اس کے بعد سے بنگال میں ترنمول کانگریس کا غلبہ رہا ہے، مگر بی جے پی 2014 کے بعد سے یہاں اپنی بنیاد مضبوط کرنے کے لیے بھرپور کوششیں کرتی رہی ہے۔اس اسمبلی انتخابات میں بھی بی جے پی نے پوری طاقت کے ساتھ میدان میں اترنے کا فیصلہ کیا ہے۔نریندر مودی، امیت شاہ، یوگی آدتیہ ناتھ اور ہیمنت بسوا سرما جیسے بڑے رہنماؤں نے مسلسل ریلیاں اور جلسے کیے ہیں۔ان کی تقاریر میں ترقیاتی وعدوں کے بجائے مذہبی سیاست کا عنصر نمایاں رہا ہے، جس نے انتخابی ماحول کو خاصا گرما دیا ہے۔2019 کے لوک سبھا انتخابات میں بی جے پی کی نمایاں کامیابی نے یہ واضح کر دیا تھا کہ بنگال اب یکطرفہ سیاسی میدان نہیں رہا۔گزشتہ اسمبلی انتخابات کی طرح اس بار بھی بی جے پی نے پوری طاقت کے ساتھ میدان میں اترنے کا فیصلہ کیا ہے۔

الیکشن کی تاریخوں کا اعلان ہونے کے بعد بنگال کی 294 نشستوں والی اسمبلی کے لئے دو مرحلوں میں انتخاب ہونا ہے۔23 اپریل کو پہلے مرحلے کا الیکشن ہو چکا ہے جس میں زبردست ووٹنگ دیکھنے کو ملی ہے اور 29 اپریل کو دوسرے اور آخری مرحلے کا ہونا ہے، 04 مئی کو نتائج کا اعلان ہوگا۔ویسے بھی اس بار تامل ناڈو اور بنگال کے الیکشن کافی اہم مانے جا رہے ہیں۔سارے ملک کی نگاہیں ان الیکشن کے نتائج پر مرکوز رہیں گی۔ایسا لگتا ہے کہ مغربی بنگال کے الیکشن میں مقابلہ سیاسی پارٹیوں کے بیچ ہونے کے بجائے وزیر اعظم نریندر مودی اور بنگال کی وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی کے بیچ ہے۔بی جے پی کا ووٹ شیئر پچھلے کچھ انتخابات میں کافی بڑھ گیا ہے۔مرکز اور بہت سی ریاستوں میں حکومت بنانے کے باوجود بی جے پی کی سیاست کا انحصار ابھی تک فرقہ وارانہ منافرت پر ہی نظر آتا ہے۔اس کے الیکشن کے مدعے درگا پوجا، سرسوتی پوجا، جے شری رام کے نعرے اور گئوکشی کے ارد گرد ہی گھومتے رہتے ہیں۔اس کا تازہ ثبوت اتر پردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ کے بنگال کے دورے کے دوران دیے گئے فرقہ وارانہ بیانات ہیں، جہاں وہ بی جے پی کے حق میں ماحول سازگار کرنے کی نیت سے وارد ہوئے تھے۔انہوں نے ممتا کو مسلمانوں کا طرف دار اور ہندوؤں کا مخالف ثابت کرنے میں پورا زور صرف کیا۔ان کا کہنا تھا کہ بنگال کو کعبہ کی دھرتی نہیں بن نے دیں گے ہے۔گئوکشی کا مدعا بھی زور شور سے اٹھاتے رہے۔یہاں تک کہ یوپی میں امن و قانون کی حالت سے چشم پوشی کرتے ہوئے انہوں نے بنگال کی صورت حال پر سخت تنقید کی۔اس طرح سے دیکھا جائے تو بی جے پی کی امیدیں اکثریتی ووٹوں کے پولرائزیشن سے وابستہ ہیں۔پچھلے کچھ عرصے سے نہ صرف ان کے مقامی لیڈروں نے ہندتوا کو بڑھاوا دیا ہے بلکہ یوپی کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ، وزیرِ داخلہ امت شاہ اور وزیر اعظم نریندر مودی تک نے ممتا حکومت کی تنقید میں وہی روش اختیار کئے رکھی ہے۔جب کی اس کے زیر حکومت صوبوں اتر پردیش، مدھیہ پردیش، وغیرہ کا حال دنیا کے سامنے ہے۔وزیر اعظم نے بڑھتی ہوئی مہنگائی، پیٹرولیم مشتوعات کی بڑھتی ہوئی قیمتوں، اور سرکاری املاک کی فروخت کے ذکر سے اجتناب کیا۔ان کی طرف سے حسب معمول کچھ ڈرامائی منظر بھی سامنے آئے جیسے دوران سفر ایمبولینس کو راستہ دینا اور ایک چھوٹی سی دکان سے دس روپئے کی جھال پوری کھانا۔اب یہ دیکھنا دلچسپ ہوگا کہ بنگال کے باشعور سمجھی جانے والے ووٹر وزیر اعظم کی تقاریر کو سنجیدگی سے لیتے ہیں یا لنترانی سمجھ کر نظر انداز کر دیتے ہیں۔انتخابی مہم کے دوران ایک بڑا تنازع ووٹر لسٹوں میں مبینہ تبدیلیوں اور ووٹروں کے نام حذف کیے جانے کا بھی سامنے آیا۔اپوزیشن جماعتوں نے الزام لگایا کہ لاکھوں ووٹروں، خصوصاً اقلیتی طبقے سے تعلق رکھنے والوں کے نام نکالے گئے ہیں۔یہ معاملہ سیاسی بیانیے کا اہم حصہ بن گیا اور اس نے ووٹرز کے جذبات پر بھی اثر ڈالا ہے۔

اب آتے ہیں ترنمول کانگریس کے امکانات کی طرف، یہ پارٹی پچھلے تین انتخابات میں اکثریت حاصل کر چکی ہے۔اس بار بھی ممتا بنرجی سب سے زیادہ پر اعتماد نظر آتی ہیں، جہاں تک مسلم ووٹوں کا سوال ہے مغربی بنگال میں تقریباً تیس فیصدی مسلم ووٹ ہیں۔جن کی بڑی تعداد ٹی ایم سی کے ساتھ ہے۔انجمن اتحاد المسلمین کے صدر اسد الدین اویسی نے جس جوش و خروش سے بنگال کے الیکشن میں شمولیت کا اعلان بابری مسجد کے نام پر سیاست کرنے والے ہمایوں کبیر کے ساتھ گٹھ بندھن کا اعلان کیا تھا وہ دس ہزار کروڑ روپیے کی بی جے پی کی طرف سے فنڈنگ کا ویڈیو سامنے آتے ہی سرد پڑ گیا ہے۔کل ملا کر اویسی کی وجہ سے ممتا بنرجی کو انتخاب میں زیادہ نقصان کا احتمال نہیں ہے۔ترنمول کانگریس کی جانب سے ممتا بنرجی نے خود کو ”بنگال کی بیٹی“ کے طور پر پیش کیا ہے اور مقامی شناخت، فلاحی اسکیموں اور ریاستی خودمختاری کے بیانیے کو آگے بڑھایا ہے۔حسب روایت بی جے پی کی انتخابی حکمت عملی میں سب سے اہم اہم پہلو مذہبی پولرائزیشن ہے۔بابری مسجد تنازع اور دیگر حساس مسائل کو بالواسطہ یا براہ راست انتخابی تقاریر میں اٹھایا گیا۔اس کے جواب میں ترنمول کانگریس نے سیکولرزم، سماجی ہم آہنگی اور اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کا نعرہ بلند کیا۔اگر ہم ووٹنگ کے رجحانات کا جائزہ لیں تو ابتدائی مرحلے میں کافی جوش و خروش دیکھنے میں آیا اور ووٹنگ تقریباً 92 فیصد ہوئی جو کہ عدیم المثال ہے اور اس بات کی علامت ہے کہ عوام اس انتخاب کو سنجیدگی سے لے رہے ہیں۔نتائج کے امکانات کا تجزیہ کرتے ہوئے چند اہم نکات سامنے آتے ہیں۔پہلا یہ کہ ممتا بنرجی کی ذاتی مقبولیت اب بھی ایک بڑا فیکٹر ہے۔ان کی فلاحی اسکیمیں، جیسے خواتین کے لیے مالی امداد اور طلبہ کے لیے سہولیات، انہیں ایک مضبوط بنیاد فراہم کرتی ہیں۔دوسرا یہ کہ بی جے پی کی تنظیمی طاقت اور مرکزی قیادت کی بھرپور مہم اسے ایک سنجیدہ چیلنج بناتی ہے۔تیسرا اہم پہلو اقلیتی ووٹ ہے، جو بنگال میں فیصلہ کن کردار ادا کرتا ہے۔اگر یہ ووٹ بڑی حد تک ترنمول کانگریس کے حق میں یکجا رہتا ہے تو بی جے پی کے لیے اقتدار حاصل کرنا مشکل ہو سکتا ہے۔تاہم اگر اس ووٹ میں تقسیم ہوتی ہے تو مقابلہ سخت ہو سکتا ہے۔ممتا بنرجی نے مقامی شناخت کو ابھارا ہے، انتخابی مہم میں استعمال ہونے والی زبان اور بیانات نے سماجی ہم آہنگی پر بھی اثر ڈالا ہے۔نفرت انگیز تقاریر کے الزامات نے انتخابی ماحول کو کشیدہ بنایا، جس کا اثر ووٹرز کے فیصلوں پر بھی پڑ سکتا ہے۔

اس طرح سے الیکشن کے نتائج کو لیکر ایک بے یقینی کی کیفیت ہے حالانکہ بی جے پی نے وزیر اعظم، مرکزی کابینہ، کئی صوبوں کے وزرائے اعلیٰ اور پارٹی کے سارے بڑے لیڈران کو الیکشن میں لگایا ہوا ہے غرض یہ کہ پوری طاقت لگا رکھی ہے۔لیکن پھر بھی سارا دار و مدار ووٹوں کی تقسیم اور ووٹوں کے پولرائیزیشن پر ہے۔ممتا بنرجی کی پارٹی ٹی ایم سی کا دار و مدار ان کی پچھلے پندرہ برسوں کی کارکردگی پر ہے، مجموعی طور پر دیکھا جائے تو یہ انتخابات ایک سخت مقابلے کی تصویر پیش کرتے ہیں۔اگرچہ بی جے پی نے اپنی پوری طاقت جھونک دی ہے، مگر ممتا بنرجی اور ترنمول کانگریس کی جڑیں اب بھی کافی مضبوط ہیں۔ابتدائی اندازوں کے مطابق ترنمول کانگریس کو برتری حاصل ہو سکتی ہے، مگر بی جے پی کی کارکردگی بھی قابلِ ذکر رہنے کا امکان ہے۔اس طرح نتائج آنے سے قبل یہ کہنا مشکل ہوگا کہ بنگال پر کس کا جادو چلے گا، مودی کا یا دیدی کا؟

☆☆☆

(Mb.9450191754,)

# مغربی بنگال میں ریکارڈ ووٹنگ: جمہوری بیداری یا انتخابی عمل پر سنجیدہ سوالات؟

جاوید جمال الدین



مغربی بنگال میں 2026 کے اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے میں تقریباً 92.90 فیصد ووٹنگ کا ریکارڈ قائم ہونا بظاہر جمہوری جوش و خروش کی ایک غیر معمولی مثال کے طور پر پیش کیا جا رہا ہے، لیکن اس کے پس منظر میں کئی ایسے عوامل کارفرما ہیں جن کا سنجیدہ، تحقیقی اور تنقیدی جائزہ لینا ناگزیر ہے۔یہ شرح نہ صرف ریاستی سطح پر بلکہ ہندوستانی انتخابی تاریخ میں بھی ایک اہم سنگِ میل کی حیثیت رکھتی ہے۔تاہم، سوال یہ ہے کہ آیا یہ محض عوامی بیداری کا مظہر ہے یا اس کے پیچھے انتخابی فہرستوں میں تبدیلی، سیاسی حکمتِ عملی اور سماجی بے چینی جیسے عناصر بھی کارفرما ہیں؟

اگر تاریخی تناظر میں دیکھا جائے تو مغربی بنگال ہمیشہ سے زیادہ ووٹنگ کی شرح رکھنے والی ریاستوں میں شمار ہوتا رہا ہے۔2016 کے اسمبلی انتخابات میں تقریباً 82 فیصد جبکہ 2021 میں کووڈ-19 کے باوجود تقریباً 81 تا 82 فیصد ووٹنگ ریکارڈ کی گئی تھی۔شمال مشرقی ریاستوں جیسے تریپورہ اور ناگالینڈ میں بھی عموماً 80 سے 85 فیصد کے درمیان ووٹنگ ہوتی رہی ہے۔ایسے میں 92 فیصد سے زائد ووٹنگ ایک غیر معمولی اضافہ ہے، جسے صرف عوامی بیداری سے جوڑ دینا ایک سادہ لوحی ہوگی۔اس غیر معمولی اضافے کی ایک اہم وجہ الیکشن کمیشن کی جانب سے کی گئی ”خصوصی جامع نظر ثانی“ (Special Intensive SIR-Revision) کو قرار دیا جا رہا ہے، جس کے تحت مبینہ طور پر تقریباً 91 لاکھ ووٹرس کے نام انتخابی فہرست سے حذف کیے گئے۔اگر اس اعداد و شمار کو درست مان لیا جائے تو یہ ریاست کے کل ووٹرس کا تقریباً 11 سے 12 فیصد بنتا ہے، جو ایک بہت بڑا تناسب ہے۔اس حذف شدگی نے نہ صرف ووٹرس کی مجموعی تعداد کو کم کیا بلکہ ووٹنگ فیصد کو بظاہر بڑھا ہوا دکھانے میں بھی کردار ادا کیا۔یعنی اگر ووٹر لسٹ مختصر ہو جائے تو نسبتاً کم تعداد میں ڈالے گئے ووٹ بھی زیادہ فیصد کے طور پر ظاہر ہوتے ہیں۔

یہاں ایک بنیادی اور حساس سوال پیدا ہوتا ہے، آیا یہ حذف شدگی مکمل طور پر شفاف، غیر جانبدار اور قانونی تھی؟ انتخابی فہرست سے بڑے پیمانے پر ناموں کا حذف ہونا جمہوری عمل کے لیے خطرے کی گھنٹی بھی ہو سکتا ہے، خاص طور پر اگر اس کا اثر کسی مخصوص طبقے یا علاقے پر زیادہ پڑا ہو۔مختلف رپورٹس اور سیاسی بیانات میں یہ خدشہ ظاہر کیا گیا کہ اس عمل سے اقلیتی اور کمزور طبقات زیادہ متاثر ہوئے، حالانکہ اس کی آزادانہ تصدیق ابھی تک مکمل طور پر سامنے نہیں آئی۔اسی تناظر میں ”احتجاجی ووٹنگ“ کا تصور بھی اہمیت اختیار کرتا ہے۔جن ووٹرس کے نام فہرست میں باقی رہ گئے، انہوں نے بڑی تعداد میں ووٹ ڈالنے کو اپنی ذمہ داری سمجھا تاکہ وہ اس ممکنہ ناانصافی کے خلاف ایک علامتی احتجاج درج کرا سکیں۔یہ رجحان جمہوری شعور کی ایک مثبت علامت ضرور ہے، لیکن اس کے پیچھے موجود بے چینی اور عدم تحفظ کے احساس کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔جمہوریت کی کامیابی صرف ووٹنگ کی بلند شرح سے نہیں بلکہ اس عمل پر عوام کے اعتماد سے جڑی ہوتی ہے۔

سیاسی اعتبار سے یہ انتخابات غیر معمولی اہمیت کے حامل ہیں۔ایک طرف بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) ہے جو گزشتہ ایک دہائی سے قومی سطح پر اپنی گرفت مضبوط کر چکی ہے اور اب بنگال جیسے اہم ریاست میں اقتدار حاصل کرنے کی خواہاں ہے، جبکہ دوسری طرف ترنمول کانگریس (ٹی ایم سی) ہے جو ریاست میں اپنی سیاسی بقا اور تسلسل کی جنگ لڑ رہی ہے۔اس سخت مقابلے نے دونوں جماعتوں کو اپنی پوری قوت جھونکنے پر مجبور کیا، جس کا نتیجہ ووٹنگ کی بلند شرح کی صورت میں سامنے آیا۔انتخابی مہم کے دوران استعمال ہونے والا بیانیہ بھی اس رجحان کو سمجھنے میں کلیدی کردار ادا کرتا ہے۔بی جے پی کی جانب سے ”دراندازوں“ کا مسئلہ، سرحدی سلامتی، اور یکساں سول کوڈ (یو سی سی) جیسے موضوعات کو شدت سے اٹھایا گیا، جبکہ ٹی ایم سی نے خود کو بنگالی شناخت، سیکولر اقدار اور علاقائی خودمختاری کے محافظ کے طور پر پیش کیا۔اس نظریاتی اور سیاسی کشمکش نے ووٹرس کو غیر معمولی حد تک متحرک کیا۔

خصوصاً اقلیتی ووٹرس کا کردار اس انتخاب میں نہایت اہم رہا۔مغربی بنگال میں مسلمان تقریباً 30 فیصد آبادی پر مشتمل ہیں، جبکہ بعض اضلاع میں ان کی تعداد 50 سے 60 فیصد تک پہنچ جاتی ہے۔اس بار انتخابی ماحول میں پائی جانے والی بے چینی، خاص طور پر ”درانداز“ کے بیانیے اور ممکنہ پالیسی تبدیلیوں کے خدشات نے اقلیتی ووٹرس کو زیادہ منظم اور متحرک انداز میں ووٹنگ کے لیے آمادہ کیا۔یہ ووٹنگ محض ایک سیاسی عمل نہیں بلکہ اپنے حقوق، شناخت اور مستقبل کے تحفظ کی ایک شعوری کوشش کے طور پر دیکھی جا سکتی ہے۔تحقیقی مطالعات بھی اس بات کی تائید کرتے ہیں کہ جب کسی طبقے کو اپنے حقوق یا وجود کے بارے میں خطرہ محسوس ہوتا ہے تو اس کی سیاسی شرکت میں اضافہ ہوتا ہے۔یہی رجحان بنگال کے اس انتخاب میں بھی نظر آتا ہے، جہاں اقلیتی ووٹرس نے بڑی تعداد میں نکل کر اپنے جمہوری حق کا استعمال کیا۔دوسری جانب، بی جے پی اس بلند ووٹنگ فیصد کو اپنے حق میں تعبیر کر رہی ہے اور یہ دعویٰ کر رہی ہے کہ زیادہ ووٹنگ عموماً اس کے لیے فائدہ مند ثابت ہوتی ہے۔تاہم، انتخابی تاریخ یہ بتاتی ہے کہ یہ اصول ہر جگہ نافذ نہیں ہوتا، خاص طور پر ان ریاستوں میں جہاں علاقائی جماعتیں مضبوط جڑیں رکھتی ہیں۔بنگال میں بھی مقامی شناخت، زبان اور ثقافت کا عنصر انتخابی نتائج پر گہرا اثر ڈالتا ہے۔

ایک اور اہم پہلو سیکورٹی فورسیز کی غیر معمولی تعیناتی ہے۔مرکزی فورسیز کی بڑی تعداد میں موجودگی نے بظاہر انتخابی عمل کو پرامن بنانے میں مدد دی، لیکن اس کے ساتھ ساتھ اس نے ایک نفسیاتی ماحول بھی پیدا کیا جسے بعض مبصرین ”سنگینوں کے سائے میں الیکشن“ قرار دیتے ہیں۔اس طرح کے ماحول میں ووٹرس کی شرکت کو صرف رضاکارانہ جوش و خروش کا نتیجہ قرار دینا مکمل تصویر پیش نہیں کرتا۔اعداد و شمار کے تجزیے سے یہ بھی واضح ہوتا ہے کہ ووٹنگ فیصد میں اضافے کا ایک بڑا حصہ تکنیکی عوامل سے جڑا ہوا ہے۔اگر ووٹر لسٹ سے لاکھوں نام حذف ہو جائیں تو فیصدی اعتبار سے ووٹنگ بڑھنا ایک فطری نتیجہ ہے۔اس لیے محض فیصد کے اعداد کو دیکھ کر کسی سیاسی رجحان کا حتمی نتیجہ اخذ کرنا قبل از وقت ہوگا۔

آئندہ دوسرا مرحلہ، جو 29 اپریل کو منعقد ہوگا، اس پورے انتخابی عمل کے نتائج اور رجحانات کو مزید واضح کرے گا۔اس مرحلے میں ووٹنگ کی شرح، مختلف علاقوں میں ٹرن آؤٹ کا موازنہ، اور سیاسی جماعتوں کی کارکردگی یہ طے کرے گی کہ آیا پہلے مرحلے کی بلند ووٹنگ کسی خاص سیاسی رجحان کی عکاس تھی یا محض مخصوص حالات کا نتیجہ۔آخر میں یہ کہنا بجا ہوگا کہ مغربی بنگال کے اس انتخابی مرحلے نے ہندوستانی جمہوریت کے کئی پہلوؤں کو اجاگر کیا ہے۔ایک طرف یہ عوامی بیداری، سیاسی شعور اور جمہوری شرکت کی ایک مثبت مثال ہے، تو دوسری طرف یہ انتخابی عمل کی شفافیت، ووٹر لسٹ کی درستگی اور ریاستی اداروں کی غیر جانبداری پر سنجیدہ سوالات بھی اٹھاتا ہے۔جمہوریت صرف ووٹ ڈالنے کا عمل نہیں بلکہ ایک ایسا نظام ہے جس کی بنیاد شفافیت، انصاف اور عوامی اعتماد پر قائم ہوتی ہے۔اگر ان بنیادوں میں کمزوری آ جائے تو بلند شرح ووٹنگ بھی اپنی معنویت کھو دیتی ہے۔مغربی بنگال کا یہ انتخاب ہمیں یہ سوچنے پر مجبور کرتا ہے کہ کیا ہم واقعی ایک مضبوط اور شفاف جمہوری نظام کی طرف بڑھ رہے ہیں یا ہمیں ابھی بھی بہت سے بنیادی سوالات کے جوابات تلاش کرنے ہیں۔

9867647741

مضمون و مراسلہ نگار کی آراء سے ادارہ کا متفق ہونا ضروری نہیں

مالک، پبلشر، پرنٹر و ایڈیٹر تقدیس فاطمہ رضوی نے گروپ 5 پبلی کیشن 55بی۔وزیر حسن روڈ، لکھنؤ سے چھپوا کر پہلی منزل مسجد نور محل ساکیت پلی نرہی، لکھنؤ سے شائع کیا۔ریزیڈنٹ ایڈیٹر: ڈاکٹر ہارون رشید
Proprietor, Publisher, Printer and Editor, Taqdees Fatima Rizvi printed at Group 5 Publication, 55B, Wazir Hasan Road, Lucknow, and published from Masjid Noor Mahal, First Floor, Saket Palli Narhi, Lucknow. , Resident Editor: Dr. Haroon Rasheed, avadhnama@gmail.com, Ph:0522-3506829, 9335135181

